khabraindigital | Khabraindigital | khabraindigital | daily.khabrain@gmail.com | khabraindigital

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ۔ لاہور/اسلام آباد/ملتان/بہاولپور/کراچی/حیدرآباد/پشاور/سکھر/اور مظفرآباد (آزاد کشمیر) سے شائع ہونیوالا قومی اخبار ABC CERTIFIED

بانی وقائد : ضیا شاہد مرحوم

روزنامہ خبریں مظفرآباد

Daily KHABRAIN

چیف ایڈیٹر : امتنان شاہد

اتوار 18 ذوالحج 1446ھ 15 جون 2025ء یکم ہاڑ

# وفاقی محتسب کی مظفرآباد میں کھلی کچہری، اہالیان حویلی نے شکایات کے انبار لگا دیئے

## شہریوں کا وفاقی اداروں، پی ٹی اے، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، پاکستان بیت المال سمیت دیگر اداروں کی کارکردگی پر عدم اعتماد

## وفاقی محتسب آزاد کشمیر کے ریجنل ہیڈ منصور قادر ڈار نے سینکڑوں شکایات کا موقع پر ازالہ کیا جبکہ کئی شکایات کو رجسٹرڈ کر لیا گیا

مظفرآباد (وقائع نگار) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس مظفرآباد کے زیراہتمام ضلع حویلی میں کھلی کچہری کا انعقاد، شہریوں نے شکایات کے انبار لگا دیئے ۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس مظفرآباد کے زیراہتمام حویلی کہوٹہ میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے وفاقی اداروں، پی ٹی اے، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، پاکستان بیت المال و دیگر اداروں کے خلاف شکایات کے انبار لگا دیئے۔ اس موقع پر شاکیان نے شکایت کی بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام جو کہ غریب اور نادار عوام کے لیے ہے اس میں کسی بھی مستحق شخص کو پیسے نہیں مل رہے، ضلع حویلی میں سروس کے حوالہ سے ایک ہی کمپنی ایس سی او موبائل سروس فراہم کر رہی ہے جو بالکل ناقص ہے، نیشنل بینک کا اے ٹی ایم خراب ہونے کے ساتھ ساتھ بینک بھی خستہ حال ہے اور سٹاف بھی بہت کم ہے جس سے عوام کو اپنی رقوم نکلوانے میں انتہائی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے شہری پورا پورا دن خوار ہونے کے بعد شام کو بغیر پیسے نکلوائے گھر چلے جاتے ہیں ۔ اسی طرح بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا دفتر بھی خستہ حال ہے جہاں نہ بیٹھنے کی جگہ ہے اور نہ ہی کوئی دوسری سہولت میسر ہے بلکہ خواتین دن بھر بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر کے باہر روڈ پر بیٹھی رہتی ہیں، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا عملہ بھی ضرورت مند خواتین کو بہتر آگاہی نہیں کرتا جس سے مستحق خواتین اس پروگرام سے محروم ہو جاتی ہیں ۔ شاکیان نے کہا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی رقوم کی ادائیگی کے وقت بہت تذلیل کی جاتی ہے عورتوں کو سڑک پہ بٹھایا جاتا ہے اور ایسے بے شمار لوگ جن کی شکایات حویلی کہوٹہ دفتر کے متعلقہ ہیں دفتر والے بھی ان کو ٹھیک طریقے سے گائیڈ نہیں کرتے ۔ علاوہ ازیں شاکیان نے کہا کہ ضلع حویلی میں اے ٹی ایم مشین نہ ہے، بینک میں سٹاف بھی انتہائی کم ہے اور نہ ہی کوئی دوسرا بینک ہے جس کی وجہ سے عوام کی مشکلات بہت زیادہ ہیں، جس پر ریجنل ہیڈ آزاد کشمیر منصور قادر ڈار نے فوراً کارروائی عمل میں لاتے ہوئے نیشنل بینک کے ریجنل ہیڈ کو احکامات صادر کیے کہ فوراً حویلی میں نئی اے ٹی ایم مشین نصب کی جائے جس پر نیشنل بینک کے ریجنل ہیڈ نے یقین دہانی کروائی کہ 15 ایام کے اندر حویلی میں نئی اے ٹی ایم مشین نصب کر دی جائے گی جبکہ بینک میں نئے سٹاف کی بھرتی کے لیے بھی فائل ورک شروع کرنے کی یقین دہانی کروائی گئی علاوہ ازیں ضلع حویلی میں نیشنل بینک کے علاوہ کسی دوسرے بینک کے قیام کے حوالہ سے شکایات بھی رجسٹرڈ کر لی گئی ۔ تمام شکایات کو سنتے ہوئے وفاقی محتسب آزاد کشمیر کے ریجنل ہیڈ منصور قادر ڈار نے سینکڑوں شکایات کا موقع پر ازالہ کیا جبکہ کئی شکایات کو رجسٹرڈ کر لیا گیا، وفاقی محتسب آزاد کشمیر کے ریجنل ہیڈ منصور قادر ڈار نے کہا کہ تمام شکایتوں کا ازالہ 60 دن کے اندر کیا جائے گا ضلع حویلی واقعہ ہی پسماندہ شہر ہے ادارے تو موجود ہیں لیکن شہریوں کو بہتر طریقے سے آگاہی نہیں کی جا رہی جس پر تمام وفاقی اداروں کے انچارج صاحبان کو پابند کیا گیا کہ وہ شہریوں کی مشکلات میں کمی کے لیے بہترین آگاہی ڈیسک قائم کریں تاکہ شہریوں کو معلومات کے حصول میں کوئی دشواری پیش نہ آئے۔ منصور قادر ڈار نے کہا کہ ضلع حویلی میں موبائل سروس کا واقع ہی مسئلہ ہے ایس سی او حکام سے معاملہ اٹھایا جا کر حویلی میں موبائل نیٹ ورک سروس کو بہتر بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب اعلیٰ اعجاز احمد قریشی کی ہدایات کے مطابق عوام کو بہترین انصاف کی فراہمی میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے وفاقی اداروں کے خلاف کی جانے والی ہر شکایت کا فیصلہ 60 دن کے اندر مختصر ترین عرصے میں میرٹ پر کیا جاتا ہے اور اس پراسس کی کوئی فیس نہیں ہوتی آزاد کشمیر کے عوام کو بلامعاوضہ ریلیف فراہم کرنا ہمارا اولین فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام بلا معاوضہ اور بغیر وکیل وفاقی اداروں جیسا کہ پی ٹی اے، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، پاسپورٹ آفس، جی پی او، نیشنل سیونگ سینٹرز، پاکستان بیت المال، پوسٹل لائف انشورنس، سٹیٹ لائف انشورنس، واپڈا جیسے اداروں کے خلاف شکایات آن لائن بھی درج کروا سکتے ہیں جبکہ دفتر میں آکر تحریری طور پر درخواست کی صورت میں بھی شکایت درج کروائی جا سکتی ہے۔ اس موقع پر شکایات کنندان نے وفاقی محتسب اعلیٰ اعجاز احمد قریشی کا شکریہ ادا کیا۔